Dar-Ul-Ifta
Jamia Usmania Peshawar
Khyber Pukhtunkhwa Paksitan

دار الافتاء
جامعہ عثمانیہ پشاور
خیبر پختونخوا، پاکستان

تاریخ اجراء: 28/08/2025 فتوی نمبر: 6471/297/328 سلسلہ وار نمبر: 26617

شہدا کا ریکارڈ محفوظ کرنے اور آگے شائع کرنے کا حکم

سوال: کیا یہ جائز ہے کہ کفار کے حملے کے بعد جائے وقوعہ میں لوگوں سے دریافت کیا جائے کہ شہداء میں کون عام شہری تھے اور کون مجاہدین؟ اگر کوئی گواہی دیتے ہوئے معروف مجاہدین کے نام لے تو کیا ایسی گواہی شائع کرنا جائز ہے جب کہ اس سے کسی کو نقصان نہ پہنچے۔

مستفتی: وقار احمد

اسلام آباد

الجواب وباللہ التوفیق

شریعت مطہرہ کی روشنی میں مفادِ عامہ میں ہر اس جائز کام کرنے کی گنجائش ہے جس سے کسی کو ضرر لاحق نہ ہو، نیز ضرر اور نقصان کو حتی الوسع ختم کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

صورت مسئولہ کے مطابق مجاہدین اور غیر مجاہدین کے بارے میں پوچھنے اور ان کا ریکارڈ محفوظ کرنے کی وجہ سے اگر ان کے خاندان والوں کو بعد میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے، تو شرعاً اس کی گنجائش موجود ہے تاکہ شہدا کا ریکارڈ محفوظ کر کے ان کے مناسب حال ان کی بیواؤں، بچوں اور گھر والوں کی خدمت کی جائے، یا لوگوں کو اس کی طرف متوجہ کیا جائے۔ اور اگر علی التعیین ان کے ریکارڈ کو محفوظ کرنے اور شائع کرنے کی وجہ سے ان کے اقارب کو بعد میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہو تو پھر ازالہ ضرر کے پیش نظر ان کا ریکارڈ خفیہ رکھنا ہی بہتر ہے۔

القاعدة الثانية: الأمور بمقاصدها. (الأشباه والنظائر لابن نجيم، الفن الأول: القواعد الكلية، القاعدة الثانية، ص: 23)

القاعدة الخامسة: الضرر يزال: أصلها قوله عليه الصلاة والسلام {لا ضرر ولا ضرار} أخرجه مالك في الموطإ عن عمرو بن يحيى عن أبيه مرسلا، وأخرجه الحاكم في المستدرك والبيهقي والدارقطني من حديث أبي سعيد الخدري، وأخرجه ابن ماجه من حديث ابن عباس وعبادة بن الصامت رضي الله عنهم. وفسره في المغرب بأنه لا يضر الرجل أخاه ابتداء ولا جزاء (انتهى) . (الأشباه والنظائر لابن نجيم، الفن الأول: القواعد الكلية، القاعدة الخامسة: الضرر يزال، ص: 72)

كتبہ: محمد ابوبکر|86
شریک تخصص فی الفقہ الاسلامی
جامعہ عثمانیہ پشاور

الجواب صحيح
[signature]
۷ ربیع الاول
۱۴۴۷ھ

الجواب صحيح
[signature, stamp]

Jamia Usmania Peshawar
Usmania Colony, Nothia Raod, Peshawar
Cantt, Khyber Pukhtunkhwa Pakistan
www.usmaniapsh.com
091-5240422
جامعہ عثمانیہ پشاور
عثمانیہ کالونی، نوتھیہ روڈ، پشاور صدر، خیبر پختونخوا، پاکستان